وزیر اعظم کی جمہوریہ فرانس کے وزیر اعظم سے ملاقات

13جولائی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 13 جولائی 2023 کو فرانس کی وزیر اعظم عزت مآب محترمہ الزبتھ بورن سے ملاقات کی۔

2۔ دونوں رہنماؤں نے اقتصادی اور تجارتی، توانائی، ماحولیات، تعلیم، نقل و حرکت، ریلوے، ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر، میوزیالوجی اور عوام سے عوام کے تعلقات جیسے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔

3۔ دونوں فریقوں نے ہندوستان اور فرانس کے درمیان کثیر جہتی تعاون کو مزید گہرا کرنے کی اپنی خواہش کا اعادہ کیا۔

نئی دہلی
13 جولائی 2023